AKASHVANI NEWS
SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 26 October 2026

Time : 09:25 / AM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ۔

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ایک بھارت ۔شریشٹھ بھارت پروگرام نے ملک کے ثقافتی اقدار کے ساتھ ساتھ تعلیمی اور سماجی منظرنامے کو مزید وسعت دی ہے ۔وہ کل لوک بھون سرینگر میں اُن سے ملنے آئے مہاراشٹرا کے کئی تعلیمی اداروں کے طالب علموں کے ایک گروپ سے بات چیت کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے ۔انہوں نے کہا کہ نوجوان اذہان کے تبادلہ خیال سے کثرت ایک طاقت بنتی ہے ۔انہوں نے نوجوانوں کو قومی یکجہتی کا جذبہ آگے لیجانے کی تاکید کی۔

-----LG------

منوج سنہا نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر کے نوجوان اب تعمیری سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اور ملک کے اس خطے میں اختراعی نوعیت کے سٹارٹ اپس قائم ہو رہے ہیں ۔

LG ملاقات

اس دوران راجیہ سبھا کے ممبر گُروِندر سنگھ اوبرائے اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے بھی لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

یوم الحاق

آج جموں وکشمیر میں یوم الحاق منایا جارہا ہے۔ **1947** میں آج ہی کے دن جموں وکشمیر کے اس وقت کے حکمران مہاراجہ ہری سنگھ نے بھارت کے ساتھ جموں وکشمیر کے الحاق کے دستاویز پر دستخط کئے تھے۔ یہ تاریخی دستاویز اس وقت طے پایا گیا جب جموں وکشمیر پر پاکستانی قبائلیوں نے حملہ کیا تھا۔ اس دن کو جموں وکشمیر میں یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کے تحت منایا جارہا ہے۔

ویجی لینس ویک

ملک بھر میں آج سے ویجی لینس بیداری ہفتے کا آغاز ہورہا ہے۔ یکم نومبر تک جاری رہنے والے اس ہفتے کے دوران ویجی لینس بیداری سے متعلق کئی پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔ اس سال ویجی لینس ہفتے کا موضوع ''خوشحالی کیلئے راست بازی'' مقرر کیا گیا ہے۔ جموں وکشمیر میں بھی سینٹرل ویجی لینس کمیشن کے اہتمام سے کئی تقریبات منعقد ہورہی ہیں۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے اہتمام سے کل جموں وکشمیر اور لداخ میں جموں وکشمیر سٹیٹ **Eligibility** ٹیسٹ اور لداخ سٹیٹ **Eligibility** ٹیسٹ منعقد کئے گئے۔ **41** مضامین میں لئے گئے ان امتحانات کیلئے کُل **43** امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے۔ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے سرینگر میں قائم کئے گئے کئی امتحانی مراکز کا دورہ کر کے وہاں انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امتحانات کے احسن اور کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ **JKSET** اور **LASET** میں کُل **16** ہزار **821** طالب علموں نے حصہ لیا۔

کپواڑہ

کپواڑہ ضلعے کے **13** تعلیمی زونوں کے **301** ساماجک چیتنا کیندروں میں **ULLAS** نو بھارت ساکشرتا کاریہ کرم کے تحت بنیادی خواندگی اور حساب کی صلاحیتوں کے جائزے کا امتحان لیا

گیا۔اس امتحان میں سیکھنے کے خواہشمند **16** ہزار **447** ناخواندہ افراد نے شرکت کی۔ بارہ مولہ ضلع میں بھی یہ امتحان منعقد کیا گیا جس کیلئے **509** مراکز قائم کئے گئے تھے۔اس امتحان میں سیکھنے کے خواہشمند **8** ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔

برکس اجلاس

نئی دلی میں آج سے برکس پارلیمانی فورم کا **12** واں اجلاس شروع ہو رہا ہے۔بھارت کی میزبانی میں منعقد ہونے والے اس اجلاس کی صدارت لوک سبھا کے سپیکر اوم برلا کریں گے۔وزیر اعظم نریندر مودی بھی اجلاس میں شرکت کر کے بھارت آئے مندوبین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ **11** برکس ممبر ممالک اور **10** شریک ممالک کو اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

جنم دن

آج سنسکرت ادب کے پہلے مانے جانے والے شاعر مہارشی **Valmiki** کی جنم جینتی منائی جارہی ہے۔مہارشی **Valmiki** کو رامائن کا مصنف بھی مانا جاتا ہے۔ **Valmiki** جینتی کے سلسلے میں ملک کے مختلف حصوں خاص کر اتر پردیش ، پنجاب ، ہریانہ ، ہماچل پردیش اور کرناٹک میں تقریبات کا انعقاد ہو رہا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں کو اس دن کی مبارکباد دی ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا ہے کہ مہارشی **Valmiki** کی تعلیمات ملک کے عوام کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ادھر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی مہارشی **Valmiki** جینتی پر جموں و کشمیر کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

ادبی تقریب

بارہ مولہ میں کل بارہ مولہ رائٹرس فورم کے اہتمام سے ایک ادبی تقریب منعقد ہوئی جس میں شمالی کشمیر کے مختلف علاقوں سے آئے ادیبوں اور دانشوروں نے شرکت کی۔تقریب کے دوران دو کتابوں کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔اس کے علاوہ دو قلمکاروں کو ان کی ادبی خدمات کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا گیا۔

شہر شہر منظر

عوامی شکایات پر مبنی پروگرام شہر شہر منظر کیلئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے **10** بجے سے دوپہر **12** بجے تک ہورہی ہے۔خواہشمند افراد اپنے مسائل اور مطالبات ریکارڈ کرانے کیلئے فون نمبر **0194-2452019** پر ان اوقات کے دوران رابطہ کرسکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **3** اعشاریہ **3** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **14** اعشاریہ **4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے خدا حافظ۔